# All Pakistan Newspapers Society

ST-1/E, Block-16, KDA Scheme 36, Gulistan-e-Jauhar, Karachi
Tel: 34012491-4, Fax: 34012495, email: apns@apns.com.pk, web:www.apns.com.pk


Ref: APNS/2018/94 August 11, 2018

**To: All Member Publications**

**Sub: Report on Comments of International Media on State of Freedom of Press in Pakistan**

Dear Sirs,

We are pleased to inform you that the APNS Reportier on Press Rights Violations, Mr. Owais Aslam Ali has prepared a report on the reaction and coverage of international organizations and media on restrictions on Pakistani media.

We attach herewith the above Report alongwith its Urdu translation for your information and record.

Thanking you,

Yours faithfully,

( Sarmad Ali )
Secretary General
APNS

**International organisations and media highlight restrictions on media coverage leading up to Pakistan's elections**

International election observers, media organisations and news outlets, prominently discussed the restrictions on Pakistani media and termed it as pre-poll interferencein the lead up to the general elections held on 25th July.

The European Union (EU) Election Observation Mission to Pakistanin its preliminary statement on general elections noted that was the first time in the country's history thatelections were held after two electedcivilian governments completed their full terms.

However, the EU statement then went on to state that the elections took place against a background ofallegations of interference in the electoral process by the military-led establishment and the role ofthe judiciary as a political actor.

The EU report assertedthat "media outlets and journalists suffer from severe restrictions andcurtailment on freedom of expression, which has resulted in extraordinary levels of self-censorship."

Giving examples of restriction on media the report of EU Election Observation Missionreport noted that the distribution of*Dawn* was disrupted in May 2018 following an interview with Nawaz Sharif. The EU report also noted that in March 2018, *GEO TV*was taken off air across most of the country and was not available on cable networks in cantonmentareas throughout the campaign period.

The EU report also stated that several key broadcast media editors received phone calls from state actors advising not to live broadcast the return of Nawaz Sharif on 13 July. Media were also askedto mute any statement that might contain "anti-judiciary" speech. In addition, media did not airinterviews conducted with the Sharifs prior to their return, or PML-N and PPP leaders' accusationsagainst the military of engineering the elections. The media referred to the Lahore High Court ruling from16 April 2018 that upheld the ban on "anti-judiciary speeches", based on Article 19 and 68 of theConstitution.

The EU report also noted that an exclusive interview with Nawaz Sharif before he left London for Pakistan, conductedby a prominent Pakistani journalist, was not aired on any of the domestic channels. On election day, thestatement given by Shehbaz Sharif after he voted was muted on all TV channels.

In a statement on July 27, The USState department while commendingPakistanis who turned out to vote expressed concern about flaws in the pre-voting electoral process, as expressed by the Human Rights Commission of Pakistan (HRCP). These included constraints placed on freedoms of expression and association during the campaign period that were at odds with Pakistani authorities' stated goal of a fully fair and transparent election. The United States concurred with the conclusions of the European Union Election Observation Mission that while there were positive changes to the legal framework for elections in Pakistan, these were overshadowed by restrictions on freedom of expression and unequal campaign opportunities.

The international media echoed concerns about restrictions on media in the lead up to the elections. *The New York Times* article, "Military's Influence Casts a Shadow Over Pakistan's Election," which was published on July 21, saidparts of the speech of Justice Islamabad High Court's Justice Shaukat Aziz Siddiqui's that were critical of the Inter-Services Intelligence (ISI)were not aired by local television news networks, but short video clips went viral on social media.

An earlier *The New York Times* article published on the June 6 said; "Interviews with journalists and political analysts in recent days have been dominated by concerns that a military campaign of intimidation and

crackdown on dissent is intensifying ahead of the vote — and nearly unanimously, none dared discuss it on the record."

The United States based Brookings Institution published an article 'A Volatile Election Season in Pakistan' discussed the "main factors shaping Pakistan 2018 election" and noted challenges in the distribution of *Dawn* newspaper. It also discussed the reaction particularly online about restrictions that political parties and media had experienced.

The Brookings Institution and *The New York Times* discussed the restrictions in circulation of *Dawn* and *Geo*, as well as the abduction of Gul Bukhari, contributing Op-Ed writer and analyst for the Nawa-e-Waqt group. Both also discussed the reaction to these restrictions and added that Pakistanis took to social media, including Twitter, to demand that Ms. Bukhari be freed, and noted that within hours she was returned home.

On June 16, *Bloomberg* published an article entitled, "Military Tightens Grip on Pakistan's Media Ahead of Polls" that detailed challenges the Pakistani media faced in the lead up to the election. The article began with the story of Taha Siddiqui, who escaped an abduction and was now living in France. The article quoted human rights organizations to have found that"Siddiqui's experience is consistent with an increasing pattern of violent intimidation, censorship and political manipulation in South Asia's second-largest economy ahead of the election."

The article also discussed the press conference held by General Asif Ghafoor, during which screenshots of certain journalists had also been aired.

Anotherarticleby the editorial board of *Bloomberg*, "Pakistan Needs an Independent Civilian Government," also discussed challenges to press freedom in Pakistan and noted the army denies any involvement with press harassment or election interference.

United Kingdom's *TheGuardian* article, 'Arrests and Intimidation Fuel Fears of 'Dirty' Elections in Pakistan,' covered the alleged role of the military in steering the elections in favor of the Pakistan Tehreek Insaaf party and said "Many journalists and online activists say they are under pressure to promote the PTI and mute criticism of the army or coverage of the PML-N."

*The Wall Street Journal*'s article published on the 26th of June titled, "Pakistan's Media Says It's Targeted in Army's 'Systematic Creeping Coup"discussed the case of *Dawn* newspaper circulations being restricted following the publication of an interview with Nawaz Sharif where he was critical of the army's efforts of counter terrorism. It also quoted a Pakistani media executive saying that "criticizing the military would be suicidal."

In the discussion of explicit cases of censorship and restricting free expression as well as the atmosphere of fear that has been created, *The Washington Post* published an article on June 26 titled"Pakistan's Media Faces Threats, Abductions, Ahead of Vote." The article quoted Scott Griffin, Spokesperson of International Press Institute (IPI), that current attempt to stifle the media weremuch more elaborate than the attempts made in the past," and added that the attacks and intimidation "are not random incidents but appear as part of a larger plan to muzzle independentjournalists."

Ahmed Rashid, in an article "The Assault of Pakistani Media Ahead of Vote. "publishedby British Broadcasting Corporation (BBC) on 4th Julywrote, "A massive bout of censorship of TV channels, newspapers and social media is setting the stage for parliamentary elections." The articles noted that journalists and media houses in Pakistan are noticing an increased and unparalleled degree of restrictive press freedom in the country. The article discussed both the concerns of human rights groups towards kidnappings and arrests of bloggers as well as the concerns of journalists and media executives towards a restriction in access to their content.

The World Association of Newspaper (WAN-Ifra)expressed concern at the restriction on circulation of *Dawn* in parts of Pakistan and the implications of this restriction for a free press in the lead up to the country's election.

Similar sentiments voiced by the Committee to Protect Journalists in a letter written to the Chief Justice of Pakistan on the July 2. In the letter, CPJsaid "The atmosphere of intimidation in Pakistan stymies the country's press corps and undermines the electoral process. Ultimately, this environment of fear will undercutthe legitimacy and authority of the new government." CPJ urged effective actions to remedy the situation to "avoid weakening theelectoral process."

A *Global Voices* article published on July 20th, discussed the ban imposed by Pakistan Electronic Media Regulatory Authority (PEMRA) on July 12th on national satellite television channels that prohibited airing live speeches of politicians as they conducted their election campaigns. It added that while this ban did not extend to online coverage, the censorship of election speeches was also seen online.

While discussing these restrictions, and an overview of the history of censorship in Pakistan *Global Voices* article ended with the question: "In this environment, are free and fair elections possible?"

# پاکستان میں انتخابات سے قبل میڈیا کوریج پر عائد پابندیوں
# پر بین الاقوامی تنظیمیں اور ذرائع ابلاغ کے تبصرے

بین الاقوامی انتخابی مبصرین، ابلاغی تنظیموں اور خبری اداروں نے پاکستانی ذرائع ابلاغ پر پابندیوں کو موضوع بحث بناتے ہوئے اور اسے 25 جولائی کو ہونے والے عام انتخابات سے پہلے قبل از انتخابات مداخلت قرار دیا۔

یورپین یونین (ای یو) الیکشن آبزرویشن مشن برائے پاکستان نے عام انتخابات پر اپنے ابتدائی بیان میں کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار انتخابات دو سویلین حکومتوں کی جانب سے اپنی مدّت مکمل کرنے کے بعد ہوئے۔ البتہ یورپین یونین کا بیان کہتا ہے کہ انتخابات فوج کی زیر قیادت اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے انتخابی عمل میں مداخلت اور عدلیہ کے بحیثیت سیاسی عامل کردار ادا کرنے کے الزامات کے پس منظر کے ساتھ ہوئے۔ یورپین یونین کا اصرار ہے کہ "ابلاغی ادارے اور صحافیوں کو آزادئ اظہار پر سخت پابندیوں اور روک ٹوک کا سامنا کرنا پڑا، جس کا نتیجہ غیر معمولی سطح کی سیلف-سینسر شپ کی صورت میں نکلا۔ "

انتخابات میں ذرائع ابلاغ پر پابندیوں کی مثال دیتے ہوئے ای یو الیکشن آبزرویشن مشن رپورٹ نے کہا کہ مئی 2018ء میں نواز شریف کے ایک انٹرویو کے بعد ڈان کی ڈسٹری بیوشن متاثر ہوئی تھی۔ ای یو رپورٹ یہ بھی بتاتی ہے کہ مارچ 2018ء میں جیو ٹی وی کو ملک کے بیشتر علاقوں میں بند کر دیا گیا تھا اور انتخابی مہم کے پورے دورانیے میں یہ کینٹونمنٹ علاقوں میں کیبل نیٹ ورکس پر دستیاب نہیں تھا۔

ای یو رپورٹ یہ بھی بتاتی ہے کہ متعدد اہم ابلاغی اداروں کے مدیروں کو ریاستی عناصر کی جانب سے فون کالز موصول ہوئیں جن میں انہیں 13 جولائی کو نواز شریف کی واپسی کی براہ راست نشریات پیش نہ کرنے کا مشورہ دیا گیا۔ ذرائع ابلاغ کو کوئی بھی ایسا بیان نشر کرنے سے بھی منع کیا گیا جو "عدلیہ مخالف "ہوسکتا ہو۔ مزید برآں، ذرائع ابلاغ نے نواز شریف اور مریم نواز کی وطن واپسی سے قبل ان کا یا پاکستان مسلم لیگ ن یا پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کا انتخابات میں فوجی مداخلت کے الزامات کا حامل کوئی بھی انٹرویو نہیں چلایا۔ ذرائع ابلاغ کو 16 اپریل 2018ء کو لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے سے رجوع کرنے کو کہا گیا کہ جس نے آئین کی دفعات 19 اور 68 کے مطابق "عدلیہ مخالف تقاریر "پر پابندی کی تائید کی تھی۔ ای یو رپورٹ نے یہ بھی بتایا کہ نواز شریف کی لندن سے پاکستان روانگی سے پہلے لیا گیا ایک خصوصی انٹرویو، جو ایک معروف پاکستانی صحافی نے کیا تھا، کسی بھی مقامی چینل پر نشر نہیں کیا گیا تھا۔ انتخابات کے دن شہباز شریف کی جانب سے ووٹ دینے کے بعد دیے گئے بیان پر تمام ٹیلی وژن چینلز خاموش رہے۔

27 جولائی کو امریکی محکمہ خارجہ نے ایک بیان میں ووٹ کے لیے گھروں سے نکلنے والے پاکستانیوں کو سراہتے ہوئے قبل از انتخابات عمل میں ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان (HRCP) کی بیان کردہ خامیوں پر خدشات کا اظہار کیا ان میں انتخابی مہم کے عرصے کے دوران آزادی اظہار و وابستگی پر لگائی گئی قدغن جو پاکستانی حکام کی جانب سے مکمل طور پر آزادانہ اور شفاف انتخابات کے طے شدہ ہدف سے انحراف تھا شامل ہیں۔ امریکا نے یورپین یونین الیکشن آبزرویشن مشن کے نتائج سے اتفاق کیا کہ اگرچہ پاکستان میں انتخابات کے قانونی ڈھانچے میں مثبت تبدیلیاں کی گئی تھیں، لیکن آزادئ اظہار کو محدود کرنے اور انتخابی مہم چلانے کے غیر یکساں مواقع دینے سے اُن کا اثر زائل ہو گیا۔

بین الاقوامی ذرائع ابلاغ نے انتخابات سے قبل ذرائع ابلاغ پر قدغن کے حوالے سے خدشات کی تائید کی۔ نیویارک ٹائمز میں شائع شدہ مضمون "Military's Influence Casts a Shadow Over Pakistan's Election" جو 21 جولائی کو شائع ہوا تھا، میں کہا گیا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ جسٹس شوکت عزیز صدیقی کی تقاریر کے حصے جو انٹر-سروسز انٹیلی جینس (آئی ایس آئی) پر تنقید کے حامل تھے مقامی نیوز نیٹ ورکس کی جانب سے نشر نہیں کیے گئے تھے، البتہ اس کے وڈیو کلپس سوشل میڈیا پر وائرل ہوئے۔ اس سے پہلے نیویارک ٹائمز نے 6 جون کو شائع ہونے والی ایک مضمون میں کہا تھا کہ "حالیہ دنوں میں صحافیوں اور تجزیہ کاروں سے لیے گئے انٹرویوز میں ان خدشات کا غلبہ تھا کہ اختلاف رائے پر دھمکیوں اور کریک ڈاؤن کی عسکری مہم ووٹ سے پہلے سخت ہوتی جا رہی ہے اور تقریباً سب کو ہی ریکارڈ پر اس بارے میں بات کرنے کی ہمت نہیں ہوئی۔ "

امریکا میں قائم بروکنگز انسٹیٹیوشن نے ایک مضمون 'A Volatile Election Season in Pakistan' میں "پاکستان کے 2018ء انتخابات کو صورت دینے والے اہم عوامل "پر اور ڈان اخبار کی ڈسٹری بیوشن میں درپیش چیلنجز پر بات کی۔ اس نے سیاسی جماعتوں اور ذرائع ابلاغ کو درپیش پابندیوں بالخصوص آن لائن ردعمل پر بھی گفتگو کی۔ بروکنگز انسٹیٹیوشن اور دی نیویارک ٹائمز نے ڈان اور جیو کی سرکیولیشن کو محدود کرنے، ساتھ ساتھ نوائے وقت گروپ کی کالم نگار اور تجزیہ کار گل بخاری کے اغواء کا بھی ذکر کیا۔ دونوں نے ان پابندیوں پر آنے والے ردعمل پر بات کی اور کہا کہ پاکستانیوں نے بخاری صاحبہ کو آزاد کرنے کے مطالبے کے لیے سوشل میڈیا، بشمول ٹوئٹر، کا رخ کیا اور بتایا کہ چند گھنٹوں میں وہ گھر واپس آ گئی تھیں۔

16 جون کو بلومبرگ نے ایک مضمون بعنوان "Military Tightens Grip on Pakistan's Media Ahead of Polls" شائع کیا جس میں انتخابات سے قبل پاکستانی ذرائع ابلاغ کو درپیش چیلنجز کی تفصیلات پیش کی گئیں۔ تحریر طٰحہ صدیقی کی داستان سے شروع ہوئی، جو اغوا ہونے سے بچے اور اب فرانس میں رہ رہے تھے۔ مضمون میں انسانی حقوق کی تنظیموں کا حوالہ دیا گیا ہے کہ انہوں نے "صدیقی کے تجربے کو انتخابات سے قبل جنوبی ایشیا کی دوسری سب سے بڑی معیشت میں پر تشدد دھمکی آمیز رویے، سینسر شپ اور سیاسی ساز باز کے بڑھتے ہوئے عمل کے مطابق پایا۔ "مضمون میں جنرل آصف غفور کی پریس کانفرنس پر بھی بات کی گئی، جس کے دوران انہوں نے مختلف صحافیوں کے اسکرین شاٹس بھی نشر کیے گئے تھے۔ بلومبرگ کے ادارتی بورڈ کے ایک اور مضمون "Pakistan Needs an Independent Civilian Government" نے بھی پاکستان میں آزادئ صحافت کو درپیش چیلنجز پر بات کی اور بتایا کہ فوج صحافت کو ہراساں کرنے یا انتخابات میں کسی بھی مداخلت سے

انکاری ہے۔

برطانیہ کے دی گارجین کے مضمون 'Arrests and Intimidation Fuel Fears of 'Dirty' Elections in Pakistan' نے انتخابات کو پاکستان تحریک انصاف کے حق میں لانے کے لیے فوج کے مبینہ کردار کا احاطہ کیا اور کہا کہ " کئی صحافیوں اور آن لائن سرگرم عمل افراد کا کہنا ہے کہ وہ پاکستان تحریک انصاف کو ترویج دینے اور فوج پر تنقید یا پاکستان مسلم لیگ ن کو کوریج دینے پر خاموشی اختیار کرنے کے لیے دباؤ میں ہیں۔ "

وال اسٹریٹ جرنل کے 26 جون کو شائع ہونے والے آرٹیکل "Pakistan's Media Says It's Targeted in Army's 'Systematic Creeping Coup'" نے ڈان اخبار کی سرکیولیشن کے معاملے پر بات کی جو نواز شریف کے ایک انٹرویو کی اشاعت کے بعد محدود کر دی گئی ہے کہ جس میں انہوں نے دہشت گردی کے خلاف فوج کی کوششوں پر تنقید کی تھی۔ اس نے ایک پاکستانی میڈیا ایگزیکٹو کا حوالہ بھی دیا جنہوں نے کہا کہ "عسکری طاقتوں پر تنقید خود کشی ہوگی۔ "

سینسر شپ اور آزادئ اظہار کو محدود کرنے کے واضح معاملات کے ساتھ ساتھ بنائے گئے خوف کے ماحول پر بات کرتے ہوئے واشنگٹن پوسٹ نے 26 جون کو "Pakistan's Media Faces Threats, Abductions, Ahead of Vote" کے عنوان سے ایک آرٹیکل شائع کیا۔ آرٹیکل میں اسکاٹ گریفن، ترجمان انٹرنیشنل پریس انسٹیٹیوٹ (آئی پی آئی) کا حوالہ دیا کہ میڈیا کا گلا گھونٹنے کی موجودہ کوشش ماضی میں کی گئی کوششوں سے کہیں زیادہ پیچیدہ تھی، اور مزید کہا کہ حملے اور دھمکیاں "اتفاقی واقعات نہیں تھے بلکہ آزاد صحافیوں کی زباں بندی کے ایک بڑے منصوبے کا ایک حصہ نظر آئیں۔ "

احمد رشید نے ایک تحریر "The Assault of Pakistani Media Ahead of Vote"، جو برٹش براڈ کاسٹنگ کارپوریشن (بی بی سی) پر 4 جولائی کو نشر ہوئی، میں لکھا "ٹیلی وژن چینلوں، اخبارات اور سوشل میڈیا پر سینسر شپ ایک بڑا حملہ پاکستان کے پارلیمانی انتخابات کے لیے اسٹیج تیار کر رہا ہے۔ " تحریر میں کہا گیا کہ پاکستان میں صحافی اور ابلاغی ادارے ملک میں ایک بڑھتی ہوئی اور غیر معمولی سطح کی پابند آزادئ صحافت کو دیکھ رہے ہیں۔ آرٹیکل نے بلاگرز کے اغواء اور گرفتاریوں پر انسانی حقوق کے اداروں کے خدشات کے ساتھ ساتھ صحافیوں اور میڈیا ایگزیکٹوز کی اپنے مواد تک رسائی پر پابندی پر بھی بات کی۔

ورلڈ ایسوسی ایشن آف نیوز پیپر (ڈبلیو اے این افرا) نے پاکستان کے چند حصوں تک ڈان کی سرکیولیشن کو محدود کرنے اور ملکی انتخابات سے قبل آزادئ صحافت پر حد بندیاں لگانے پر خدشات کا اظہار کیا۔
ایسی ہی آراء کمیٹی ٹو پروٹیکٹ جرنلسٹس نے 2 جولائی کو چیف جسٹس آف پاکستان کو لکھے گئے ایک خط میں پیش کیں۔ خط میں سی پی جے نے کہا کہ "پاکستان میں دھمکی آمیز ماحول ملک کے صحافتی حلقوں کی راہ روکتا اور انتخابی عمل کی بیخ کنی کرتا ہے۔ بالآخر خوف کا یہ ماحول نئی حکومت کی قانونی حیثیت اور اختیار پر ضرب لگائے گا۔ " سی پی جے نے "انتخابی عمل کو کمزور کرنے سے بچانے کے لیے "صورت حال سے نمٹنے کی خاطر مؤثر اقدامات پر زور دیا۔

20 جولائی کو شائع ہونے والے گلوبل وائسز کے آرٹیکل میں پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (پیمرا) کی جانب سے 12 جولائی کو قومی نشریاتی ٹیلی وژن چینلوں پر انتخابی مہم چلانے والے سیاست دانوں کی براہ راست تقریروں پر لگائی گئی پابندی کا ذکر کیا۔ مزید کہا گیا کہ گو کہ اس پابندی کا اطلاق آن لائن کوریج پر نہیں تھا لیکن انتخابی تقاریر کی سینسر شپ آن لائن بھی دیکھی گئی تھی۔ پابندیوں پر، اور پاکستان میں سینسر شپ کی تاریخ کے اجمالی جائزے پر بات کرتے ہوئے گلوبل وائسز کے آرٹیکل نے اس سوال کے ساتھ اختتام کیا:" اس ماحول میں کیا آزادانہ اور شفاف انتخابات ممکن ہیں؟ "